REGD. NO. L. 5. 54

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون نمبر ۴۹ ۔ تار کا پتہ ۔ ڈیلی الفضل ربوہ

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ
عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

# الفضل ربوہ

روزنامہ

یوم جمعہ

فی پرچہ ۱۰ نئے پیسے

۸ محرم ۱۳۸۲ھ

شرح چندہ
سالانہ ۲۴ روپے
ششماہی ۱۳ "
سہ ماہی ۷ "
خطبہ نمبر ۵ "

جلد ۵۱/۱۶ ۔ ۸ احسان ۱۳۴۱ ہش ۔ ۸ جون ۱۹۶۲ء ۔ نمبر ۱۳۰

## سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اطال اللہ بقاءہ کی صحت کے متعلق تازہ اطلاع

— محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب —

ربوہ ۷ جون بوقت ۸ بجے صبح

کل سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کو ضعف کی تکلیف رہی۔ اس وقت طبیعت اچھی ہے۔

احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ مولیٰ کریم اپنے فضل سے حضور کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

آمین اللّٰھم آمین

## ارشادات عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام

# بھائیو! جلد توبہ کرو تا ہلاک نہ ہو جاؤ

## کوئی عمل بد نہیں جس پر مؤاخذہ نہ ہوگا

"بھائیو! جلد توبہ کرو تا ہلاک نہ ہو جاؤ کیونکہ کوئی عمل بد نہیں جس پر مؤاخذہ نہ ہوگا اور کوئی بددیانتی نہیں جس کی وجہ سے انسان پکڑا نہ جائے۔ جس نے کسی بخل کی وجہ سے اپنا دین خراب کر لیا اور کسی تعصب کی وجہ سے حق کو چھوڑ دیا وہ کیڑا ہے نہ انسان، وہ درندہ ہے نہ آدمی۔ لیکن نیک آدمی ایک پاک خیال کے ساتھ سوچتا ہے اور اس کا حکمت اور حق کے ساتھ کلام ہوتا ہے نہ ٹھٹھے اور ہنسی کے رنگ میں، اور وہ صداقت اور انصاف کے پاک جذب کے ساتھ بولتا ہے نہ غضب اور غصہ کی کشش سے، اس لئے خدا تعالیٰ اس کی مدد کرتا ہے اور روح القدس اس کے دل پر روشنی ڈالتا ہے۔ لیکن ناپاک دل اور گندی طبیعت والا سچائی کے استخراج کے لئے کچھ بھی کوشش نہیں کرتا۔ اور ایک دھوکہ جو پہلے دن سے ہی اس کو لگ جاتا ہے اسی کی پیروی کرتا چلا جاتا ہے۔ اور پھر تعصب اور کج بحثی کی وجہ سے خدا تعالےٰ اس کے دل کا نور چھین لیتا ہے اور اس کا پچھلا حال پہلے سے بھی بدتر ہو جاتا ہے۔ مگر نیک سرشت آدمی اپنی رائے کے بدلنے سے ہرگز نہیں ڈرتا۔ جب دیکھتا ہے کہ ایک صداقت کی تکذیب میں مجھ سے غلطی ہوئی تو اس کا بدن کانپ جاتا ہے اور آنکھوں میں آنسو بھر آتے ہیں اور سچائی کے خون سے اس مجرم سے زیادہ ڈرتا ہے جس نے ایک بے گناہ اور معصوم بچے کو ناحق قتل کر دیا ہو۔ سو خدا جو کریم و رحیم ہے اسے قبول کر لیتا ہے اور اس کی عظمت دلوں میں ڈال دیتا ہے۔" (ضیاء الحق ص ۲۳)

## مبلغ مشرقی افریقہ مکرم حافظ محمد سلیمان صاحب ربوہ واپس تشریف لے آئے

ربوہ ۷ جون۔ مبلغ مشرقی افریقہ مکرم حافظ محمد سلیمان صاحب تین سال سے زائد عرصہ تک مشرقی افریقہ میں فریضۂ تبلیغ ادا کرنے کے بعد کل رات مورخہ ۶ جون کی شام کو بذریعہ چناب ایکسپریس ربوہ واپس تشریف لے آئے۔ اہل ربوہ نے بہت کثیر تعداد میں ریلوے سٹیشن پر جمع ہو کر پُر خلوص طور پر آپ کو خوش آمدید کہا۔ دیگر احباب کے علاوہ محترم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب وکیل التبشیر بھی آپ کے استقبال کے لئے تشریف لائے ہوئے تھے۔ احباب نے باری باری مکرم حافظ صاحب سے مصافحہ و معانقہ کیا اور پھولوں کے ہار پہنائے اور آپ کی مراجعت پر اپنی مبارکباد پیش کی۔

احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالےٰ مکرم حافظ صاحب کا مرکز سلسلہ میں واپس آنا مبارک کرے اور خدمت دین کی پہلے سے بڑھ کر توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## ربوہ کا درجہ حرارت

ربوہ ۷ جون۔ کل یہاں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۱۱۵ رہا۔

## محترم صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کی صحت

ربوہ ۷ جون۔ محترم صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت کل جیسی ہی ہے۔ احباب جماعت التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالےٰ محترم میاں صاحب موصوف کو اپنے فضل سے جلد کامل صحت عطا فرمائے۔ آمین

## حضرت مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی کی صحت کے متعلق اطلاع

ربوہ ۷ جون۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی کی طبیعت پہلے کی نسبت بہتر ہے۔ تاہم ابھی ٹانگ اور گردے میں کچھ درد کی تکلیف ہے۔ احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالےٰ حضرت میاں صاحب مدظلہ العالی کو اپنے فضل و کرم سے صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

ایڈیٹر: روشن دین تنویر بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا۔

# خطبہ جمعہ

# ہماری جماعت کا فرض ہے کہ پردہ کے متعلق خدا تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کے حکم کی پوری پابندی کرے

## اطاعت اور فرمانبرداری کے اس عظیم الشان نمونہ کی پیروی کرو جو صحابہؓ نے ظاہر کیا

از حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

26

فرمودہ ۶ / جون ۱۹۵۸ء بمقام مری

نوٹ :- حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ایک نہایت اہم مطبوعہ خطبہ جمعہ کے چند اقتباس بطور یاددہانی دوبارہ شائع کئے جاتے ہیں۔

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کے بعد حضور نے قرآن کریم کی اس آیت کی تلاوت فرمائی

ان الدین عند اللہ الاسلام (آل عمران ع ۲)

اس کے بعد فرمایا :-

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ خدا تعالیٰ کے حضور وہی ایمان مقبول ہوتا ہے جس میں

### کامل فرمانبرداری اور اطاعت

اختیار کی جائے اور اللہ تعالیٰ کے کسی حکم سے بھی انحراف نہ کیا جائے۔ صرف منہ سے اپنے آپ کو مسلمان کہتے رہنا یا ظاہر میں اگر بیعت کر لینا یا کلمۂ شہادت پڑھ لینا خدا تعالیٰ کے حضور کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔ اس کا نام دین رکھنا دین سے تمسخر اور استہزاء کرنا اور اپنی منافقت اور بے ایمانی کا ثبوت دینا ہے وہی آدمی خدا تعالیٰ کی نگاہ میں سچا مومن سمجھا جا سکتا ہے جو خدا تعالیٰ کے احکام کی اطاعت بھی کرتا ہے۔ اور اس کی غلامی کا جؤا اپنی گردن پر پوری طرح رکھتا ہے۔ اگر وہ

### خدا تعالیٰ کے احکام کی اطاعت

نہیں کرتا تو چاہے وہ دس ہزار دفعہ کلمہ پڑھے وہ یزید کا یزید اور ابوجہل کا ابوجہل رہتا ہے اور چاہے دس ہزار دفعہ اپنے آپ کو مسلمان کہتا رہے خدا تعالیٰ کے نزدیک اس کا یہ دعوےٰ ایک رائی کے برابر بھی قیمت نہیں رکھتا۔ حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور قرآن کریم کی کامل اطاعت اور کامل فرمانبرداری ہی ایک ایسی چیز ہے جو انسان کو سچا مومن بناتی ہے۔ ورنہ وہ اگر دس کروڑ دفعہ بھی کلمہ پڑھ کر اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہے۔ تو وہ کذاب اور جھوٹا ہے۔

ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ اسی

### حقیقت کا اظہار

کرتے ہوئے فرماتا ہے کہ

ومن یبتغ غیر الاسلام دیناً فلن یقبل منہ (آل عمران)

یعنی کامل فرمانبرداری اور اطاعت کے سوا اگر کوئی اور طریق اختیار کرے تو اسے کسی صورت میں بھی قبول نہیں کیا جائے گا۔ پس صرف منہ سے مسلمان کہنا یا احمدی کہلا لینا کسی کو فائدہ نہیں دے سکتا۔ جب تک کامل فرمانبرداری اور اطاعت کا نمونہ نہ دکھایا جائے۔

### میں دیکھتا ہوں

کہ اکثر احمدی چندہ تو دینے لگ گئے ہیں۔ اور ان کا ایک معتدبہ حصہ نمازیں بھی باقاعدہ پڑھتا ہے لیکن جب سے پاکستان بنا ہے۔ بعض احمدیوں میں سے پردہ اٹھ گیا ہے۔ اور زیادہ تر یہ نقص مالداروں میں پایا جاتا ہے۔ مجھے تعجب آتا ہے کہ یہ بے غیرت اور بزدل لوگ جنہوں نے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بات نہیں مانی۔ انہوں نے اپنی قوم کی کیا خدمت کرنی ہے۔ قوم کی خدمت کرنے والے تو وہ لوگ تھے جنہوں نے

### محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت

کا ایسا شاندار نمونہ دکھایا کہ آج بھی تاریخ کے صفحات میں ان کے واقعات پڑھ کر انسان کا دل محبت کے جذبات سے لبریز ہو جاتا ہے ہر شخص جانتا ہے کہ عربوں میں پردہ کا کوئی رواج نہیں تھا۔ بلکہ اسلام میں بھی شروع میں پردہ کا حکم نازل نہیں ہوا۔ اس زمانہ میں خود رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی بیویاں بھی پردہ نہیں کیا کرتی تھیں۔ مگر جب

### پردہ کا حکم

نازل ہو گیا تو ایک نوجوان نے اپنے رشتہ کے لئے ایک گھر پسند کیا۔ لڑکی کے باپ نے کہا مجھے تمہارا رشتہ منظور ہے۔ تم بڑے اچھے آدمی ہو خوش شکل ہو اور اپنی روزی بھی کماتے ہو۔ اس لئے مجھے تمہیں

### رشتہ دینے میں کوئی عذر نہیں

اس نے کہا اگر آپ تیار ہیں تو پھر لڑکی دکھا دیں۔ بغیر دیکھنے کے میں کس طرح شادی کر لوں۔ باپ کہنے لگا میں لڑکی دکھانے کے لئے تیار نہیں۔ وہ اسی وقت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور کہنے لگا۔ یا رسول اللہ میں نے فلاں جگہ شادی کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ مجھے معلوم نہیں کہ لڑکی کی شکل کیسی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ایک دفعہ اسے دیکھ لوں تاکہ میری تسلی ہو جائے۔ آپ نے فرمایا۔ بے شک پردے کا حکم نازل ہو چکا ہے۔ مگر یہ غیر عورت کے لئے ہے۔ جس کے ساتھ رشتہ نہ ہو جائے اور ماں باپ بھی منظور کر لیں۔ اگر اسے لڑکا دیکھنا چاہے تو ایک دفعہ دیکھ سکتا ہے۔ تم اس کے باپ کے پاس جاؤ اور میری طرف سے کہہ دو کہ وہ تمہیں لڑکی دکھا دے۔ اگر

### رشتہ کا سوال

نہ ہو تو بے شک پردہ ہو گا۔ لیکن اگر کوئی شخص کسی جگہ رشتہ کرنے پر رضامند ہو جائے اور لڑکی کے ماں باپ بھی راضی ہو جائیں تو تسلی کرنے کے لئے ایک دفعہ دیکھنا جائز ہے۔ وہ گیا اور اس نے رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا پیغام پہنچا دیا۔ مگر

### معلوم ہوتا ہے

اس لڑکی کے باپ کے اندر ابھی اسلام پوری طرح راسخ نہیں ہوا تھا۔ جب اس نے کہا کہ میں رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھ آیا ہوں اور آپؐ نے فرمایا ہے کہ جب تمہارا ایک جگہ رشتہ طے ہو گیا ہے۔ تو اب وہ تمہاری منسوبہ ہے اور منسوبہ کو شادی سے پہلے تسلی کے لئے دیکھنا جائز ہے۔ تو باپ کہنے لگا میں ایسا بے غیرت نہیں ہوں۔ کہ تمہیں اپنی لڑکی دکھا دوں۔ تمہاری مرضی ہے کہ رشتہ کرو یا نہ کرو۔ جس وقت اس نے یہ بات کہی اس کی لڑکی پردہ میں بیٹھی ہوئی سب باتیں سن رہی تھی۔ وہ جھٹ اپنا منہ کھول کر سامنے آگئی اور کہنے لگی میں ایسے باپ کی بات ماننے کے لئے تیار نہیں۔ جو کہتا ہے کہ مجھے

### رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم کی بھی پرواہ نہیں

میں اب تمہارے سامنے آگئی ہوں تم مجھے دیکھ لو۔ مگر وہ نوجوان بھی بڑے ایمان والا تھا۔ جھٹ اپنی آنکھیں نیچی کر لیں۔ اور گردن جھکا لی۔ اور کہنے لگا میں تیرے جیسی مومن عورت کی شکل دیکھے بغیر ہی تجھ سے شادی کروں گا۔ میں نہیں چاہتا کہ جس عورت کے اندر اتنا اخلاص اور ایمان پایا جاتا ہے اس کی شکل دیکھ کر اس کی ہتک کروں۔ اب میں بغیر دیکھنے کے ہی نکاح کروں گا۔ چنانچہ اس نے نکاح کر لیا۔

### یہ تھا ان لوگوں کا اخلاص

## چین کے تازہ مراسلہ میں کشمیر کے متعلق پاکستان کے موقف کی حمایت کی گئی ہے"

### محکمہ خارجہ کے سیکرٹری مسٹر ایس۔ کے۔ دہلوی کا بیان

راولپنڈی ۷ جون۔ پاکستان اور چین کے درمیان مشترکہ سرحد کی مجوزہ حد بندی کے خلاف بھارت کے اعتراضات پر چین نے بھارت کو جو سخت جوابی مراسلہ بھیجا ہے۔ وزارت خارجہ کے سیکرٹری مسٹر ایس۔ کے۔ دہلوی نے اس کا خیر مقدم کیا ہے۔ بھارتی احتجاج کے جواب میں چین کا مراسلہ کل شائع کیا گیا تھا۔ مسٹر دہلوی نے اسے زبردست اہمیت کا حامل قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ بھارت کے ہمسایہ ممالک کے لئے چینی مراسلہ گہری دلچسپی کا باعث ہوگا۔

چین نے اس مراسلہ میں ریاست جموں و کشمیر پر بھارت کا اقتدار اعلےٰ تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ وزارتِ خارجہ کے سکرٹری نے کہا کہ چین نے اپنے تازہ مراسلہ میں جس نظریہ کا اظہار کیا ہے اس سے پاکستان کے اس موقف کی تائید ہوتی ہے کہ ریاست جموں و کشمیر کا علاقہ متنازعہ ہے اور اس کے مستقبل کا تصفیہ ہونا باقی ہے۔

مسٹر ایس کے دہلوی نے کہا بھارت کے بےجا اعتراضات کے جواب میں چین نے جو مسکت جواب دیا ہے وہ اس قابل ہے کہ اقوام متحدہ میں افریقہ اور ایشیا کے رکن ممالک بھی اس کا مطالعہ گہری توجہ سے کریں۔ انہوں نے اخباری نمائندوں کی توجہ چینی مراسلہ کے اس حصہ کی طرف دلائی جس میں کہا گیا ہے کہ بھارت سامراجی طاقتوں کی جنگ جویانہ پالیسی پر گامزن ہے اور اگر وہ اس پالیسی پر اڑا رہا تو بالآخر اسے یہ محسوس ہوگا کہ وہ ایک پتھر کی دیوار کے ساتھ سر ٹکرا رہا ہے۔

گورنروں کی حالیہ کانفرنس میں خارجہ پالیسی پر بحث کے متعلق ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان سے تعلق رکھنے والے تمام مسائل پر غور کیا گیا۔ آج سے راولپنڈی میں مرکزی وزارتوں کے سیکرٹریوں اور اعلےٰ حکام کی ماہانہ کانفرنس شروع ہو رہی ہے جس میں مسٹر دہلوی بھی شریک ہوں گے توقع ہے کہ سیکرٹریوں کی کانفرنس کے بعد وہ پارلیمنٹ کے افتتاحی اجلاس میں بھی شریک ہوں گے۔

## زلزلوں سے ہر سال چودہ ہزار جانیں ضائع ہوتی ہیں

جنیوا ۷ جون۔ اقوام متحدہ کے تعلیمی اور سائنسی ادارہ نے زلزلوں کے متعلق ایک رپورٹ مرتب کی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ زلزلوں سے ہر سال چودہ ہزار انسانی جانیں ضائع ہوتی ہیں اور کروڑوں ڈالر کا نقصان ہوتا ہے اس رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دنیا بھر میں ایک سال کے اندر تین لاکھ زلزلے آتے ہیں ان میں سے پچیس کے قریب انتہائی تباہ کن ہوتے ہیں جن میں چودہ ہزار انسانوں کی جانیں ضائع ہوتی ہیں اور کروڑوں ڈالر کی جائداد کا نقصان ہوتا ہے۔ اس رپورٹ میں وہ نقصانات شامل نہیں کئے گئے جو زلزلوں کے اثر سے پیدا ہونے والے سمندری طوفانوں کے باعث پیش آتے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ زلزلہ کے اثر سے سمندر میں اتنے خوفناک طوفان پیدا ہوتے ہیں جن کی لہروں کی بلندی ساٹھ فٹ کے قریب ہوتی ہے اور ان طوفانی لہروں کا پانی چند گھنٹوں میں زلزلہ کے مرکز سے ہزارہا میل تک کے علاقہ میں پھیل جاتا ہے۔ ایسی طوفانی لہروں سے بھی شدید جانی اور مالی نقصان ہوتا ہے رپورٹ میں جانی اور مالی نقصان کو ممکن حد تک کم سے کم کرنے کی تجاویز بھی بتائی گئی ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دنیا کے مختلف حصوں میں زلزلوں کی اطلاعات دینے کے مرکز قائم کئے جائیں جن علاقوں میں زیادہ زلزلے آتے ہیں ان کے نئے نقشے تیار کئے جائیں اور رہائش کے لئے کنکریٹ کے مکانات بنائے جائیں۔

## نویں جماعت کے امتحان کا نتیجہ

لاہور ۷ جون، ثانوی تعلیمی بورڈ کے کنٹرولر برائے امتحانات کے ایک اعلان کے مطابق اپریل ۱۹۶۲ء میں منعقدہ نویں جماعت کے امتحان کے نتیجہ کا ۹ جون ۱۹۶۲ء کو رات کے بارہ بجے اعلان کیا جائے گا۔

## عورتوں نے ہمالیہ کی چوٹی سر کرلی

کھٹمنڈو ۷ جون نیپالی دفتر خارجہ کے ایک اعلان کے مطابق عورتوں کی ایک کوہ پیما جماعت نے کوہ ہمالیہ کی ایک چوٹی کو سر کرلیا ہے یہ چوٹی جو بے نام ہے ۲۴ ہزار فٹ بلند ہے۔


## ضروری اطلاع

ہم اپنے کرم فرماؤں کو ان کی سہولت کے لئے آگاہ کرتے ہیں کہ ہماری دکانیں ہفتہ واری تعطیل کے باعث ہر جمعرات کو بند رہا کریں گی۔ نیز ۹ بجے شام کاروبار بند ہو جایا کریگا۔ احباب تعطیل اور وقت کا خیال رکھیں۔

(دکانداران گولبازار ربوہ)

۱۔ باجوہ کلاتھ ہاؤس
۲۔ حبیب کلاتھ ہاؤس
۳۔ رشید بوٹ ہاؤس
۴۔ عبدالغفور کریانہ مرچنٹ
۵۔ نیو ٹیلرنگ ہاؤس
۶۔ عبدالسلام ٹیلرنگ شاپ
۷۔ مون لائٹ جنرل سٹورز
۸۔ بشیر جنرل سٹورز
۹۔ نوید جنرل سٹورز
۱۰۔ پبلک کارنر
۱۱۔ ملک جی برادرز

## زحیری

پیچش کی ایک نہایت کامیاب دوا جس کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے۔ قیمت ایک روپیہ پچاس پیسے
تیار کردہ:۔ شفا ہومیو لیبارٹریز ربوہ

## موسمِ گرما میں

بچوں کے دستوں۔ بدہضمی۔ سوکھا پن۔ رکی ہوئی نشوونما۔ دانت نکالنے کے زمانہ کی تکالیف اور کمزوری کے لئے "بے بی ٹانک" بفضلہٖ تعالیٰ ایک کامیاب دوا ہے۔ قیمت ایک ماہ کورس ۳/-

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی ربوہ
کیورٹو میڈیسن کمپنی کرشن نگر لاہور

دفتر سے خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں!

## چھوٹی بچت کے لئے!

سینکڑوں یا ہزاروں روپے کا انتظار کرنا ضروری نہیں صرف ۲ روپے سے آپ پوسٹ آفس سیونگ بینک کا اکاؤنٹ کھولئے اور اپنی بچت کو روپیہ روپیہ کرکے بڑھائیے



عوام کے لئے بہترین سہولتیں

* ۵۰۰ روپیہ تک متعلقہ علاقے کے کسی بھی پوسٹ آفس سے نکالے جا سکتے ہیں
* جوائنٹ۔ فکسڈ ڈپازٹ اور دیگر اقسام کے اکاؤنٹ بھی کھولے جا سکتے ہیں
* مقامی چیک سیونگ بینک میں جمع کرانے کے لئے قبول کئے جا سکتے ہیں۔
* منافع کی شرح ۲½ فیصد تک ہے جس پر انکم ٹیکس معاف ہے۔

تفصیلات ہر پوسٹ آفس سے حاصل کیجئے

پوسٹ آفس سیونگ بینک

بچت اور خوشحالی کے لئے آپ کا معاون

## اہلِ اسلام

کس طرح ترقی کر سکتے ہیں؟

کارڈ آنے پر

مفت

عبداللہ الہ دین سکندر آباد دکن

ہمدرد نسواں (جبوب اٹھراء) مرض اٹھرا کی بے نظیر دوا۔ مکمل کورس انیس ۱۹ روپے۔ دواخانہ خدمتِ خلق ہیڈ ربوہ

# "صدر ایوب اپنی سیاسی پارٹی نہیں بنائیں گے" (ترجمان)

## ـــــ ٹھوس قوم پرستانہ نظریات رکھنے والے ہمخیال لوگوں کی رہنمائی کریں گے ـــــ

راولپنڈی ۷ جون - ریڈیو پاکستان کے نشریہ کے مطابق ایک سرکاری ترجمان نے کل صبح اخبارات میں شائع ہونے والی اس خبر کو غلط قرار دیا ہے کہ صدر ایوب خود اپنی سیاسی پارٹی کی رہنمائی کریں گے۔ ترجمان نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کی تنظیم کی ممانعت ہے لہذا ایسی صورت میں صدر کا اپنی پارٹی قائم کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ترجمان نے مزید کہا کہ ملک کے دونوں حصوں سے قومی اسمبلی کے کچھ ارکان صدر سے اس امر کی بار بار درخواست کر رہے ہیں کہ وہ اسمبلی میں ایسے ہمخیال لوگوں کی رہنمائی کریں جو ٹھوس قوم پرستانہ نظریات رکھتے ہوں۔ کہا جاتا ہے کہ صدر نے ایسا کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

ریڈیو پاکستان کے مطابق کل راولپنڈی میں قومی اسمبلی کے ارکان میں گفت وشنید کا سلسلہ جاری رہا۔ اس گفت وشنید سے دو قسم کے رجحانات رکھنے والے گروہ سامنے آ گئے ہیں ایک گروہ میں پرانے سیاست دان شامل ہیں جو قومی اسمبلی کے ارکان کو سیاسی گروپوں میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں دوسرے گروہ میں نئے ایوان کے پُرجوش اور خود اعتماد ارکان شامل ہیں جو اس تحریک کے مخالف ہیں پہلے گروہ کا یہ خیال ہے کہ تمام مسائل کا واحد علاج سیاسی جماعتوں کا احیاء ہے لیکن قومی اسمبلی کے آزاد خیال ارکان کا کہنا ہے کہ وہ ذاتی صلاحیتوں اور کوشش سے کامیاب ہوئے ہیں اور وہ اپنی کامیابی کے لئے کسی سیاسی جماعت کے احسان مند نہیں ہیں۔ آزاد خیال ارکان پرانے قسم کا سیاسی کنٹرول برداشت کرنے کو تیار نہیں ہیں اگرچہ وہ مختلف امور میں ہمخیال ارکان کا ساتھ دینے کو تیار ہیں لیکن وہ کسی خاص گروپ سے منسلک ہو جانا مناسب خیال نہیں کرتے اور آزادیٔ عمل کو کسی پارٹی کے ہاتھوں میں دینا پسند نہیں کرتے۔ ان ارکان کا کہنا ہے کہ ہمخیال گروپوں کے ذریعہ کام چلانے کا تجربہ کرنا ضروری ہے۔

## نئے وزیر قانون نے عہدے کا حلف اٹھالیا

ڈھاکہ ۷ جون ابوطیب محمد مصطفےٰ بیرسٹر ایٹ لاء نے کل صبح یہاں صوبائی سکرٹریٹ میں مشرقی پاکستان کے وزیر قانون کے عہدے کا حلف اٹھایا مشرقی پاکستان کے گورنر مسٹر غلام فاروق نے ان سے حلف لیا۔ مسٹر مصطفےٰ نئے آئین کے تحت مقرر کئے جانے والے مشرقی پاکستان کے دوسرے وزیر ہیں۔ وزیر خزانہ مسٹر حفیظ الرحمن پہلے وزیر تھے، وزیر قانون کے حلف اٹھانے کی تقریب میں اعلیٰ سرکاری وغیر سرکاری افسروں نے شرکت کی۔

## میاں افتخار الدین انتقال کر گئے

لاہور ۷ جون۔ گزشتہ رات میاں افتخار الدین حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔ مرحوم پر کافی عرصہ ہوا دل کا حملہ ہوا تھا اور وہ یورپ میں زیر علاج بھی رہے۔ بالآخر یہی مرض ان کے لئے جان لیوا ثابت ہوا ان کی عمر ۵۴ سال تھی۔

## لبنانی وزیر دفاع نے استعفا پیش کر دیا

بیروت ۷ جون لبنان کے وزیر دفاع مجید ارسلان نے کل رات وزیر اعظم رشید کرامی کو اپنا استعفا پیش کر دیا ہے استعفا کی وجہ وزیر داخلہ کمال جنبلاٹ اور مجید ارسلان کے درمیان سیاسی اختلاف ہیں۔ دریں اثنا باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مجید ارسلان کو اپنا استعفا واپس لینے کے لئے کہا جا رہا ہے۔

## درخواستِ دعا

میرے والد خالصاحب میاں محمد یوسف صاحب نائب امیر جماعت احمدیہ لاہور بیمار ہیں ان کے سینہ میں درد کی تکلیف ہے احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

(محمد شعیب ضیاء ماڈل ٹاؤن لاہور)

## ربوہ میں تحریک جدید کے جلسے

قبل ازیں کچھ جلسوں کی مختصر روئداد جو تحریک جدید کے سلسلہ میں ۲۴ مئی تا ۲۶ مئی ربوہ میں محلہ وار منعقد ہوئے ہدیہ قارئین کی جا چکی ہے۔ اب بقیہ جلسوں کی روئداد عرض کی جاتی ہے ـــــ ۲۸ مئی کو محلہ دارالیمن میں زیر صدارت مکرم مولانا ابوالعطاء صاحب جلسہ منعقد ہوا۔ آنمکرم نے فرائض صدارت کے علاوہ مالی اور جانی قربانیوں پر ایک مبسوط تقریر بھی فرمائی۔

۲۹ مئی کو محلہ دارالنصر میں جلسہ ہوا جس میں ملک احمد خاں صاحب نے سادہ زندگی کے عنوان پر اور مکرم مولانا نذیر احمد صاحب مبشر نے غانا مشن کے حالات پر تقاریر فرمائیں۔

۳۰ مئی کو جامعہ احمدیہ میں زیر صدارت مولانا غلام باری صاحب سیف جلسہ منعقد ہوا اس جلسہ میں چونکہ طلباء کی اکثریت تھی اس لئے ایک فی البدیہہ تقریری مقابلہ منعقد کروایا گیا جس میں تین طلباء انعامات کے مستحق سمجھے گئے۔ عنوان تھا "تحریک جدید اور اس کی برکات"۔

۳۱ مئی محلہ دارالصدر غربی الف میں جلسہ منعقد ہوا۔ اس میں مکرم مولانا شیخ مبارک احمد صاحب نے جانی قربانی کے مطالبہ پر تقریر فرمائی۔

یکم جون کو محلہ دارالبرکات میں زیر صدارت مکرم ماسٹر ضیاء الدین صاحب صدر محلہ جلسہ منعقد ہوا اس میں بھی مکرم شیخ مبارک احمد صاحب نے تقریر فرمائی جو مشرقی افریقہ میں تبلیغ اسلام کے ایمان افروز حالات پر مشتمل تھی۔

۲ جون محلہ وار جلسوں کا آخری جلسہ محلہ دارالصدر غربی ب میں منعقد ہوا جس میں مکرم مولانا ابوالعطاء صاحب نے اشاعتِ اسلام کے لئے جانی اور مالی قربانی کی اہمیت بیان فرمائی ان تمام جلسوں میں خاکسار بھی وکالت مال تحریک جدید کی ترجمانی کرتا رہا اور الحمدللہ کہ اکثر محلوں نے اس سلسلہ میں اپنے ایمان اور اخلاص کا ثبوت بہم پہنچایا۔ خدام الاحمدیہ نے بھی اس معاملہ میں پورا پورا تعاون فرمایا جس کا ایک سبب یہ تھا کہ مکرم چوہدری عبدالعزیز صاحب مہتمم مقامی نے ان جلسوں میں پوری پوری دلچسپی لی اور خدام کو ساری جماعت کے دوش بدوش رکھنے کا اہتمام فرمایا۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

۳ جون کو مرکزی طور پر مسجد مبارک میں جلسہ تحریک جدید منعقد ہوا۔ ان جلسوں کے حسین نتائج جو مالی قربانیوں کے رنگ میں ظاہر ہوئے وہ انشاء اللہ تعالیٰ گوشوارہ کی صورت میں جلد ہی شائع کروا دئے جائیں گے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

## مڈل پاس طلباء کیلئے تعلیمی امداد

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کا معیار اب کم از کم دسویں جماعت پاس مقرر ہوا ہے اس کے ساتھ ہی یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ ایسے مستحق اور قابل ذہین طلباء جو آٹھویں جماعت پاس ہوں اور اپنے آپ کو خدمتِ دین کے لئے وقف کریں ان کو دو سال ... تعلیمی امداد دی جائے گی۔



۱۔ دسویں جماعت پاس کرنے کے بعد ان طلباء کو جامعہ ... وہ دینی تعلیم مکمل کر کے مبلغ بن سکیں۔

۲۔ وظیفہ حاصل کرنے کے لئے طلباء کو ایک انٹرویو بورڈ میں پیش ہونا ہو گا۔

۳۔ انتخاب کے بعد طلباء کو تعلیم الاسلام سیکنڈری سکول ربوہ میں داخل ہونا ہو گا۔

۴۔ امراء جماعت کی تصدیق کیساتھ درخواستیں ... یوم کے اندر اندر وکالتِ تعلیم میں آنی ضروری ہیں۔

(وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

## ولادت

مورخہ ۴ جون بروز دوشنبہ مکرم تی در بخش صاحب ... کو فضل عمر ہسپتال ربوہ کو اللہ تعالیٰ نے تیسرا لڑکا عطا فرمایا ہے۔ احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو لمبی اور با اقبال زندگی عطا فرمائے۔ خادم دین بنائے اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے۔

رجسٹرڈ ایل نمبر ۳۲۵۴